33748 ـ مسجد سے ملحق صحن کا حکم

سوال

کیا مسجد کے محلقات مثلا صحن اور لائبریری اور وضوء والی جگہ وغیرہ کو بھی مسجد کا حکم حاصل ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الموسوعۃ الفقھیۃ میں درج ہے:

" اور مسجد کی وہ خالی جگہ یا صحن جو مسجد کی توسیع کے لیے مسجد کے قریب زیادہ کی گئی ہو اور اس کی نشاندہی کر دی گئی ہو تو احناف اور مالکیہ اور حنابلہ کی کلام سے جو سمجھ آتی ہے، اور صحیح مذہب بھی یہی ہے کہ وہ مسجد میں سے نہیں، اور ان کے ہاں صحیح کے مد مقابل یہ ہے کہ یہ مسجد میں سے ہے.

ابو یعلی رحمہ اللہ نے ان دونوں روایتوں کے درمیان جمع اس طرح کیا ہے کہ وہ خالی جگہ جس کی چار دیواری ہو اور اس پر دروازہ لگایا گیا ہو تو یہ مسجد کا حصہ ہے، اور شافعیہ کہتے ہیں کہ مسجد کی خالی جگہ مسجد میں شامل ہے، چنانچہ اگر اس میں کوئی شخص اعتکاف کرتا ہے تو اس کا اعتکاف صحیح ہے .. اھـ

دیکھیں: الموسوعۃ الفقھیۃ (5 / 225).

شیخ عبد العزیز آل شیخ کہتے ہیں:

مسجد کی چار دیواری شامل اور مسجد کا مدخل ہو تو وہ مسجد میں ہی شامل ہے، اور جو مسجد کی چار دیواری سے باہر ہو وہ مسجد سے باہر ہے. اھـ

دیکھیں: مجلۃ البحوث الاسلامیۃ (59 / 81).

واللہ اعلم .